# رات کو سالن ڈھانپ کر نہ رکھا تو اس سالن کو استعمال کرنے کا حکم

**مجیب:** مولانا محمد کفیل رضا عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-1029

**تاریخ اجراء:** 08 محرم الحرام 1445ھ / 27 جولائی 2023ء

## دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

رات کو کھانا ڈھانپ کر رکھنا چاہیئے، اگر کبھی ایسا ہو جائے کہ برتن میں موجود سالن نہ ڈھک سکے، تو اس سالن کو استعمال کر سکتے ہیں یا نہیں؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

حدیث شریف میں بیان کردہ حکم کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ اگر برتن کو نہیں ڈھکا تو اس میں موجود چیز کو استعمال کرنا ہی جائز نہیں رہے گا، بلکہ یہ اس لئے ہے تاکہ یہ چیز شیطان کے اثر سے محفوظ رہے۔ لہٰذا اگر ڈھکن رکھنا بھول گئے جبکہ اس چیز کو کھانے، پینے میں کوئی اور شرعی ممانعت (مثلاً: اسکا خراب ہو جانا وغیرہ) نہ ہو تو اس کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔

مسلم شریف میں حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”اذا کان جنح اللیل او امسیتم فکفوا صبیانکم فان الشیطان ینتشر حینئذ فاذا ذھب ساعۃ من اللیل فخلوھم واغلقوا الابواب واذکروا اسم اللہ فان الشیطان لا یفتح بابا مغلقا واوکوا قربکم واذکروا اسم اللہ وخمروا آنیتکم واذکروا اسم اللہ ولو ان تعرضوا علیھا شیئا واطفئوا مصابیحکم “یعنی جب رات کا شروع حصہ ہو جائے یا تم شام پاؤ تو اپنے بچوں کو روک لو کیونکہ اس وقت شیطان پھیلتے ہیں پھر جب رات کی ایک گھڑی گزر جائے تو بچوں کو چھوڑ دو اور دروازے بند کر دو اور اللہ کا نام لو کیونکہ شیطان بند دروازے کو نہیں کھولتا اور اپنے مشکیزوں کو بندھن دے دو اللہ کا نام لو اور اپنے برتنوں کو ڈھک دو اور اللہ کا نام لو اگرچہ اس پر کوئی چیز کھڑی کر دو اور اپنے چراغ بجھا دو۔ (صحیح مسلم، حدیث 2012۔97، صفحہ 664،، مطبوعہ: ریاض)

مراۃ المناجیح میں ہے:"اگر برتن ڈھکنے کے لئے کوئی ڈھکنا نہ ملے، تو اس پر اللہ کا نام لے کر لکڑی کھڑی کر دو وہ برتن اس لکڑی اور اللہ کے ذکر کی وجہ سے ان بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔۔۔یہ حکم بطورِ مشورہ ہے، لہٰذا مستحب ہے واجب نہیں، اس میں بہت ہی منافع اور فوائد ہیں۔"(مراۃ المناجیح، جلد6، صفحہ87،نعیمی کتب خانہ، گجرات)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net